23-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے نوجوان آئی اے ایس افسران پر زور دیا ہے کہ وہ وکست بھارت 2047 کے ہدف کے لیے شہریوں کو حکمرانی کا مرکز بنائیں اور ناگرک دیوو ابھوا کے اصول پر عمل کریں۔

۲۔ تلنگانہ حکومت اور مرکزی حکومت حیدرآباد میٹرو کے مجوزہ حصول کے لیے مشاورت پر متفق ہوگئی ہے، جبکہ مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے ریاست کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے اپنی وابستگی کا اعادہ کیا ہے۔

۳۔ کے ٹی راما راؤ نے حیدرآباد میٹرو ریل منصوبے میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی کا الزام عائد کرتے ہوئے ریونت ریڈی اور جی کشن ریڈی پر سیاسی ڈرامہ رچانے کا دعویٰ کیا ہے۔

۴۔ تلنگانہ بی جے پی کے صدر این رام چندر راؤ نے جین زی کانکلیو میں نوجوانوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنی دلچسپی کے مطابق پیشہ اختیار کریں اور اندھا دھند انجینئرنگ کا انتخاب نہ کریں۔

اور

۵۔ وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے دعویٰ کیا ہے کہ فلاحی منصوبوں کی بنیاد پر کانگریس تلنگانہ میں دوبارہ اقتدار حاصل کرے گی۔

MOOKERJEE:

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج کہا کہ ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کا خواب آئین کے آرٹیکل 370 کے خاتمہ کے ساتھ پورا ہوگیا ہے۔ انہوں نے ڈاکٹر مکھرجی کی برسی کے موقع پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ملک کے عظیم ترین رہنماؤں میں سے ایک تھے، جن کی خدمات نے بھارت کے اتحاد اور سالمیت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ نئی دہلی میں NAFED کے نیلامی پورٹل کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے امت شاہ نے کہا کہ 21 جون بھارتیہ جنتا پارٹی کے کارکنوں کے لیے خاص اہمیت رکھتا ہے کیونکہ اسی دن ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی نے قومی یکجہتی کے لیے اپنی جان قربان کی تھی۔

NSD

NINO EFFECT

مرکزی وزیرزراعت وکسان بہبود شیوراج سنگھ چوہان نے آج نئی دہلی میں ایل نینو کے موسمی اثرات اورزراعت پر اس کے ممکنہ اثرات کے پیش نظر ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں مختلف ریاستوں کے وزرائے زراعت، سیکریٹریز، ضلع کلکٹرز اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں کم بارش کی صورت میں ضروری تیاریوں، متبادل فصلوں کے منصوبوں اور کسانوں کے مفادات کے تحفظ کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

NSD

CM-METRO:

وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے نئی دہلی میں مرکزی وزیرشہری امور منوہر لال کھٹر اور ریلوے وزیر اشونی ویشنو کے ساتھ حیدرآباد میٹرو ریل کے پہلے مرحلہ کے مجوزہ حصول اور دوسرے مرحلہ کے منصوبہ پر مفید بات چیت کی۔ رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ایک مشاورتی ادارہ مقرر کیا جائے جو پہلے مرحلہ کی مالیت کا جائزہ لے، قرض فراہم کرنے والے اداروں کی نشاندہی کرے اور حصول کے لیے مالیاتی امکانات کا مطالعہ کرے۔ ایس بی آئی کیپس (SBICAPS) نامی مشاورتی ادارہ دوسرے مرحلے کی توسیع، تعمیراتی لاگت اور مالیاتی ذرائع کا بھی جائزہ لے گا۔ اس عمل کی بروقت تکمیل کے لیے مرکزی حکومت کے ایک سینئر افسر اور ریاست کے خصوصی چیف سیکریٹری باہمی رابطہ کاری کریں گے۔ حتمی لائحہ عمل مشاورتی رپورٹ کے جائزے کے بعد طے کیا جائے گا۔

DESK

SIT

ایودھیا رام مندر میں عطیات اور نذرانوں سے متعلق مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات کرنے والی تین رکنی خصوصی تحقیقاتی ٹیم (ایس آئی ٹی) نے آج اپنی ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ جمع کر دی۔ یہ رپورٹ ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ سنجے پرساد کو ایس آئی ٹی کے سربراہ اور لکھنؤ کے کمشنر وجے وشواس پنت نے پیش کی۔ رپورٹ جمع کرانے کے بعد وجے وشواس پنت نے کہا کہ یہ ابتدائی رپورٹ ہے اور ایک خفیہ دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔

NSD

SEED MELA

ریاستی وزیر برائے سماجی بہبود ادلوری لکشمن کمار اور جگتیال ضلع کلکٹر بی ستیہ پرساد نے گولا پلی منڈل کے ابراہیم نگر میں سیڈ میلہ کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کسانوں پر زور دیا کہ وہ زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لیے حکومت کی سفارش کردہ باریک دانے والی دھان کی اقسام کاشت کریں۔ زرعی حکام نے بتایا کہ یہ سیڈ میلے اس ماہ کی 30 تاریخ تک جاری رہیں گے۔

PTC/JGL

JANGAON

جنگاؤں ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا نے زمیٹا رعیتو ویدیکا میں سیڈ میلہ کا افتتاح کیا اور کسانوں سے اپیل کی کہ وہ بلاک سطح پر منعقد ہونے والے ان میلوں سے بھرپور فائدہ اٹھائیں جو اس ماہ کی 30 تاریخ تک جاری رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تصدیق شدہ بیج اور جدید کھادیں مناسب قیمتوں پر دستیاب ہیں۔ بعدازاں ضلع کلکٹر نے پودے لگائے اور خواتین کسانوں کے سروس سنٹر کا معائنہ بھی کیا۔

PTC/JGN

MAHABUBNAGAR

محبوب نگر ضلع کلکٹر خوشبو گپتا نے ہنواڑہ رعیتو ویدیکا میں سیڈ میلہ کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کسانوں کو مشورہ دیا کہ وہ جعلی بیجوں سے ہونے والے نقصانات سے بچنے کے لیے صرف تصدیق شدہ بیج ہی خریدیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ان میلوں کے ذریعہ معیاری بیج فراہم کر رہی ہے جو 23 جون سے 30 جون تک جاری رہیں گے۔ انہوں نے جعلی بیج فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ بھی دیا۔

STRINGER/MBBN

DAMODAR

وزیر صحت داموردراج نرسمہا، تلنگانہ کانگریس کی انچارج میناکشی نٹراجن، اے آئی سی سی کے سکریٹری سچن ساونت اور پی سی سی کے صدر بی مہیش کمار گوڑ نے اندول حلقہ کے بوتھ لیول ایجنٹس کے لیے ووٹر فہرستوں کی خصوصی نظرثانی سے متعلق تربیتی کیمپ میں شرکت کی۔ وزیر صحت نے ایجنٹس کو ہدایت دی کہ ہر اہل ووٹر کا اندراج یقینی

بنائیں، انتخابی فہرستوں میں موجود غلطیوں کی اصلاح کریں اور ووٹنگ کے حق کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کریں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نمائندوں کو خصوصی نظر ثانی مہم کے بنیادی مقصد کو اچھی طرح سمجھنا چاہیے۔ اس موقع پر رکن پارلیمان سریش شیٹکر، رکن اسمبلی ڈاکٹر سنجیوا ریڈی اور ٹی جی آئی سی کی چیئر پرسن نرملا جگا ریڈی بھی موجود تھیں۔

PTC/SR

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے الزام عائد کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور مرکزی وزیر جی کشن ریڈی حیدرآباد میٹرو ریل کے 30 ہزار کروڑ روپے مالیت کے اثاثوں سے متعلق ایک بڑے گھوٹالے کو چھپانے کے لیے سیاسی ڈرامہ کر رہے ہیں۔ کے ٹی راما راؤ نے دعویٰ کیا کہ وزیر اعلیٰ نے ایل اینڈ ٹی میٹرو ریل کے حکام پر دباؤ ڈال کر ڈھائی سو ایکڑ قیمتی اراضی اپنے قریبی ساتھیوں کے حوالے کروائی۔ انہوں نے مزید الزام لگایا کہ حکومت ان اثاثوں پر قبضہ حاصل کرنے کے لیے ایل اینڈ ٹی کے چودہ ہزار کروڑ روپے کے قرضے کو تلنگانہ کے عوام پر منتقل کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔

PTC/HYD

ACCIDENT

بھوپال پلی کے قریب 22 جون 2026 کو پیش آنے والا ٹپر ٹینکر حادثہ انتہائی المناک ثابت ہوا۔ حادثہ کا شکار ہونے والی گاڑی، جس کا رجسٹریشن نمبر ٹی ایس 22 ٹی 2687 ہے، ٹھیکیدار ایم/ایس ایم اے خواجہ کی ملکیت ہے، جو 2017ء سے کے ٹی جے ایم ڈیولپرز اینڈ آپریٹرز کے لیے بیگاس کی نقل وحمل کا کام انجام دے رہے ہیں۔ ٹینکر صبح تقریباً ساڑھے چھ بجے کے ٹی جے ایم کے بیگاس یارڈ سے وزنی پرچی کے ساتھ کاکتیا تھرمل پاور پروجیکٹ، چیلپور کے لیے روانہ ہوا تھا۔ 35 سالہ ڈرائیور محمد طارق گاڑی چلا رہے تھے۔ گاڑی صبح تقریباً 9 بجکر 25 منٹ پر بھوپال پلی آر او آفس کے قریب حادثے کا شکار ہوگئی۔ یہ گاڑی صرف اسی مجاز نقل وحمل کے راستے کے لیے منظور شدہ تھی۔

DESK

HARISH RAO

بی آر ایس کے ڈپٹی فلور لیڈر ہریش راؤ نے کانگریس حکومت پر الزام لگایا ہے کہ وہ ضلع کھمم کے رگھوناد ھا پالم میں غریبوں کے مکانات جے سی بی مشینوں کے ذریعے منہدم کررہی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ یہ زمینیں سابق وزیر اعلیٰ کے سی آر کی حکومت نے غریبوں کو الاٹ کی تھیں ۔ ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور وزیر مالیات وریونیو پونگولیٹی سرینواس ریڈی کو عوام کے روزگار اور زندگیوں کو تباہ کرنے کا ذمہ دار قرار دیا۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ غریبوں اور صحافیوں کو ان کے پلاٹ فوری طور پر واپس دیے جائیں، بصورت دیگر ریاست بھر میں احتجاج کیا جائے گا۔

PTC/KMM

VIVEK

محنت وکانکنی کے وزیر وویک وینکٹا سوامی نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ منشیات سے دور رہیں اور اپنے مستقبل کو محفوظ بنائیں۔منچریال کے چنور کیمپ آفس میں منشیات کے استعمال اور غیر قانونی اسمگلنگ کے خلاف عالمی دن کے موقع پر منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ منشیات کی بڑھتی ہوئی لت نوجوانوں کو غیر قانونی سرگرمیوں کی طرف دھکیل رہی ہے، جو باعث تشویش ہے۔انہوں نے بتایا کہ حلقے میں منشیات کے استعمال کی روک تھام کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔وزیر نے والدین کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے بچوں کی سرگرمیوں اور رویوں پر نظر رکھیں۔ بعدازاں انہوں نے مقامی حکام کے ساتھ نشہ مکت بھارت ابھیان کے پوسٹر جاری کیے۔

PTC/MNCL

ORR

تلنگانہ ہاؤسنگ بورڈ نے 'کیور' اقدام کے تحت آؤٹر رنگ روڈ (اوآرآر) کے دائرے میں ایک لاکھ مکانات تعمیر کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ بورڈ نے اس نئی رہائشی اسکیم کے لیے نام تجویز کرنے کے سلسلے میں عوام سے تجاویز طلب کی ہیں۔ ہاؤسنگ بورڈ کے نائب صدر گوتم نے بہترین نام تجویز کرنے والے شخص کے لیے ایک لاکھ روپے نقد انعام کا اعلان کیا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے افراد اپنی تجاویز 28 جون تک سرکاری انسٹاگرام صفحہ tghd.official کے ذریعے جمع کرا سکتے ہیں۔

HYD/Desk

JUPALLY

وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت دوبارہ ریاست میں اقتدار حاصل کرے گی کیونکہ عوام اب اپوزیشن کے بیانات اور دعوؤں پر یقین نہیں کرتے۔ انھوں نے خواتین کے لیے مفت بس سفر، دوسو یونٹ تک مفت بجلی، اندراماں مکانات اور باریک چاول کی تقسیم جیسی فلاحی اسکیموں کوحکومت کی کامیابی قرار دیا۔انھوں نے سوال کیا کہ بی آر ایس اپنی دس سالہ حکومت کے دوران ڈبل بیڈروم مکانات کیوں فراہم نہ کرسکی۔ جوپلی کرشنا راؤ نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں کانگریس کی کامیابی کوکوئی نہیں روک سکتا۔

Desk

NTA

نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) نے آج انڈر گریجویٹ داخلوں کے لیےمشترکہ یونیورسٹی داخلہ امتحان (سی یو ای ٹی)2026 کے نتائج کا اعلان کردیا ہے۔امتحان میں شرکت کرنے والے امیدواراب سرکاری سی یو ای ٹی پورٹل کے ذریعے اپنے اسکور کارڈ حاصل کرسکتے ہیں۔ این ٹی اے کے مطابق اس سال 15 لاکھ سے زائد امیدواروں نے امتحان کے لیے رجسٹریشن کرایا تھا جبکہ 11 لاکھ سے زیادہ امیدوار امتحان میں شریک ہوئے۔ ایجنسی نے بتایا کہ امتحان 19 دنوں کے دوران 35 شفٹوں میں تین سو اکیس شہروں میں منعقد کیا گیا، جن میں 13 بین الاقوامی مقامات بھی شامل تھے۔

NSD

PM

وزیراعظم نریندر مودی نے ناگرک دیووا بھوا کے اصول پر زور دیتے ہوئے افسران سے کہا ہے کہ وہ حکمرانی کے ہر عمل میں شہریوں کو اہمیت دیں۔نئی دہلی میں مختلف وزارتوں اورمحکموں میں اسسٹنٹ سیکریٹریز کے طور پر تعینات آئی اے ایس2024 بیچ کے 183افسران سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے نوجوان سول سرونٹس پر زور دیا کہ وہ وکست بھارت 2047 کے ہدف کے حصول میں قائدانہ کردار ادا کریں۔انھوں نے کہا کہ نوجوان افسران مضبوط مقصد، جدت طرازی اورعوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ قوم کی تعمیر کے لیے خود کو وقف کریں۔ وزیر اعظم نے حکومت کے تمام شعبوں کے درمیان مشترکہ اور مربوط اندازِ کار کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ترقی

کے بڑے چیلنجز کو الگ الگ کام کر کے حل نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بامعنی اور دیرپا نتائج کے لیے مختلف محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ اور ہم آہنگی ناگزیر ہے۔

NSD

KISHAN

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ان سے دو مرتبہ رابطہ کر کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو کے ساتھ ملاقات کا وقت طے کرنے کی درخواست کی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ دو دنوں کے دوران انہوں نے وزیراعلیٰ کی مرکزی وزراء اشونی ویشنو اور منوہر لال کھٹر کے ساتھ مثبت ملاقاتوں کا کامیاب انتظام کیا۔ جی کشن ریڈی نے کہا کہ وہ مرکزی کابینہ میں تلنگانہ کے نمائندے کی حیثیت سے ریاست کی ترقی اور عوامی بہبود کے لیے مسلسل کام کرتے رہیں گے۔

Desk

RAMCHANDER RAO

تلنگانہ بی جے پی کے صدر این رام چندر راؤ نے نمو۔جین زی کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے نوجوانوں کو مشورہ دیا کہ وہ محض دوسروں کی پیروی کرتے ہوئے انجینئرنگ کا انتخاب نہ کریں بلکہ اپنی حقیقی دلچسپی اور صلاحیتوں کے مطابق پیشہ اختیار کریں۔ انہوں نے وزیراعظم نریندر مودی کی ''اسٹارٹ اپ انڈیا'' جیسی پہل کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان اقدامات نے نوجوانوں کو ملازمت کے متلاشی کے بجائے ملازمتیں پیدا کرنے والا بنایا ہے۔ انہوں نے سنہ 2014 کے بعد تعلیمی اداروں میں اضافہ کو حکومت کی ایک اہم کامیابی قرار دیا۔ این رام چندر راؤ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو تلنگانہ میں روزگار کے وعدے پورے نہ کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا۔ اس موقع پر متعدد سرکردہ شخصیات اور خواتین رہنماؤں نے حیدرآباد کے ناملی میں واقع پارٹی کے ریاستی ہیڈکوارٹر میں بی جے پی میں شمولیت اختیار کی، جن کا خیر مقدم ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے کیا۔

PTC/ HYD

OO